ٹیچرز گائیڈ

کلاس 1 کے لئے

ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

ٹیچر کے لئے نوٹ

کتاب شروع کرنے سے پہلے احساسات ظاہر کرنے والے الفاظ کے فلیش کارڈ بنا لیں۔

سیشن 1

15 منٹ

- کتاب بچوں میں تقسیم کریں۔ یہ کتاب بغیر کچھ کہے اپنے احساسات کا اظہار کرنے کے بارے میں ہے۔ ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ ہم اپنے احساسات مختلف طریقوں سے بتاتے ہیں۔ آنکھوں اور چہرے کے تاثرات سے انہیں ظاہر کرتے ہیں۔ اشاروں سے بھی ان کا اظہار کرتے ہیں۔ ٹیچر بچوں کے ساتھ وہ تمام الفاظ جو احساسات ظاہر کرتے ہوں بات چیت کے ذریعے ان کو بتائیں۔

مثلاً: خوش، غصہ، درد، غم، مایوس، ڈر، نیند، شرمندہ، ناراض، بور۔

10 منٹ

- بچوں سے باری باری فلیش کارڈ پڑھوائیں۔

20 منٹ

- الفاظ کو بورڈ پر لکھیں اور ان کا توڑ جوڑ کروائیں۔ مثلاً:

بور = ب + و + ر

خ + و + ش= خوش

- بچے یہ کام اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

سیشن 2

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب کا ہر صفحہ اور اس پر دی گئی تصاویر غور سے دیکھیں۔ بچوں سے باری باری چہرے کے تاثرات فلیش کارڈ کی مدد سے پوچھیں۔

25 منٹ

- اب بچوں سے ہر تصویر اور چہرے کے تاثرات کے بارے میں زبانی پوچھیں کہ ان کے خیال میں تاثرات کی کیا وجہ ہو سکتی ہے۔ مثلاً:

اس چہرے پر غصہ ہے۔ اس لڑکا / لڑکی کی بنائی ہوئی تصویر اس کے بھائی نے خراب کر دی۔ یہ تصویر اس نے کلاس کے لئے بنائی تھی۔

5 منٹ

گھر کا کام

- جن الفاظ کا توڑ جوڑ کیا ہے ان الفاظ سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 3 کے لئے کسی کہانی کی کتاب کا انتظام کر لیں۔ یہ خیال رکھیں کہ کہانی میں احساسات کا ذکر ہو اور کلاس 1 کے بچے اسے پڑھ سکیں۔

سیشن 3

10 منٹ	• بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔ - پہلے سیشن میں دیئے گئے الفاظ کا املا کروائیں۔
10 منٹ	• املا کی اصلاح کروائیں۔ - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔ - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔ - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔ - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
25 منٹ	• بچوں کو منتخب کتاب سے کہانی پڑھ کر سنائیں۔ کہانی سناتے وقت ایسے الفاظ جو مختلف احساسات کو ظاہر کرتے ہیں ان کو مناسب تاثرات کے ساتھ پڑھیں۔ 8 سے 10 بچوں کو موقع دیں کہ وہ ایک ایک کر کے اس کہانی کو دوبارہ تاثرات کے ساتھ پڑھیں۔

سیشن 4

20 منٹ

- وہ الفاظ جو سیشن 1 میں لکھوائے گئے تھے ان کا انگریزی ترجمہ بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

English	اردو
happy	خوش
angry	غصہ
sad	غم
embarrassed	شرمندہ
fear	ڈر

English	اردو
disappointed	مایوس
bored	بور
sleepy	نیند
pain	درد
upset	ناراض

25 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر دیئے گئے الفاظ جن احساسات کو ظاہر کرتے ہیں ان کو تصویروں کی مدد سے اپنی کوپی میں بنائیں۔

مثلاً: خوش

سیشن 5

45 منٹ

- بچوں کے دو گروپ بنائیں۔ ہر گروپ سے باری باری ایک بچہ سیشن 4 میں دیئے گئے الفاظ میں سے کسی بھی ایک الفاظ کی acting کرے۔ دوسرے گروپ کے بچے آپس میں مشورہ کر کے بتائیں کہ کس الفاظ کی acting کی گئی ہے۔

ٹیچر کے لئے نوٹ: بورڈ پر دو کولم بنا کر ہر گروپ کے صحیح اور غلط جواب کو ✓ یا X سے لکھیں۔ بعد میں گنتی کر لیں کہ کس گروپ نے زیادہ صحیح جواب دیئے۔

سیشن 6

5 منٹ

- بچوں کو بتائیں کہ مختلف رنگ احساسات کو represent کرتے ہیں۔ مثلاً لال غصہ کی علامت ہے، نیلا خوشی اور سکون کی، سفید صفائی اور کالا برائی کی۔

15 منٹ

- بچے اپنے اپنے کلر پینسل بوکس سے رنگ پسند کر کے وہ الفاظ جو فلیش کارڈ پر لکھیں ہیں انہیں اپنی کوپی میں لکھیں۔ بچوں کو بتائیں کہ رنگوں کا انتخاب کرتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ شدید احساسات تیز رنگوں سے اور نرم احساسات ہلکے رنگوں سے ظاہر کئے جاتے ہیں۔

25 منٹ

- بچوں سے باری باری کہیں کہ وہ ایسی آوازیں نکالیں جو فلیش کارڈ پر لکھے ہوئے الفاظ کو ظاہر کریں۔ باقی بچے یہ بتائیں کہ کس الفاظ کی ادائیگی ہوئی ہے۔

ہم

ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

not for sale